سبق نمبر10 | **رسد** | **ماڈیول نمبر4**

تعارف

بازار میں پیداکاروں/فروخت کاروں کے ذریعہ اشیا اور خدمات کی سپلائی کی جاتی ہے۔ ہر فروخت کار کا آخری ہدف زیادہ سے زیادہ منافع کمانا ہوتا ہے۔ اس لیے وہ اپنے پروڈکٹ کے لیے زیادہ سے زیادہ قیمت لگانا چاہتا ہے۔ لہٰذا اسے فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ ایک دی گئی قیمت پر فروخت کے لیے اسے شے کی کتنی مقدار پیش کرنی چاہیے تاکہ منافع زیادہ سے زیادہ بنایا جاسکے۔ یہی اس سبق کا موضوع ہے۔

فرہنگ اصطلاحات

سپلائی (رسد) (Supply) : شے کی وہ مقدار جو ایک مخصوص مدت کے دوران دی گئی قیمت پر فروخت کار پیش کرتا ہے۔

اسٹاک (ذخیرہ) (Stock) : ایک مخصوص مدت کے دوران فرم/فروخت کار کے پاس دستیاب شے کی کل مقدار۔

انفرادی سپلائی (Imdividual supply): ایک مخصوص مدت کے دوران ایک دی گئی قیمت پر ایک انفرادی فرم کے ذریعہ فروخت کے لیے پیش شے کی مقدار

بازار سپلائی (Market supply): ایک مخصوص مدت کے دوران ایک دی گئی قیمت پر بازار کی سبھی فرموں کے ذریعہ فروخت کے لیے پیش شے کی کل مقدار

- شے کی سپلائی سے مراد شے کی وہ مقدار ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص مدت کے دوران ایک دی گئی قیمت پر فروخت کے لیے پیش کرتا ہے۔
- ایک مخصوص مدت کے دوران کسی فروخت کار/فرم کے پاس دستیاب شے کی کل مقدار کو اسٹاک کہا جاتا ہے۔ سپلائی شے کے اسٹاک کا وہ حصہ ہے جسے فروخت کار ایک مخصوص مدت کے دوران بعض دی گئی قیمت پر فروخت کرنے کے لیے تیار رہتا ہے۔
- کسی انفرادی فرم کے ذریعہ سپلائی کی گئی شے کی مقدار کو انفرادی سپلائی کہتے ہیں۔



- اگر سپلائی کا تعین کرنے والے سبھی دیگر عوامل کی غیر تبدیل رہتے ہیں تو شے کی قیمت اور سپلائی کی گئی مقدار کا اس سے سیدھا تعلق ہوتا ہے۔ یہ دلالت کرتا ہے کہ شے کی سپلائی کی گئی مقدار شے کی قیمت میں اضافے کے ساتھ بڑھتی ہے اور قیمت گھٹنے کے ساتھ گھٹتی ہے۔
- پیداوار کی ٹکنالوجی میں کسی بھی بہتری سے پیداوار کی فی اکائی لاگت کم ہوتی ہے اور فرم کو دیے گئے وسائل کے ساتھ شے کی زیادہ سپلائی کی ترغیب ملتی ہے۔
- شے کی پیداوار میں استعمال کسی عامل کی قیمت میں گراوٹ پیداوار کی فی یونٹ لاگت میں کمی پیدا کرتا ہے اور منافع کی گنجائش میں اضافہ کرتا ہے جس کے نتیجے میں شے کی سپلائی میں اضافہ ہوتا ہے۔
- جب کوئی فرم دیے گئے وسائل سے ایک ہی وقت میں دو اشیا مثال کے لیے x اور y پیدا کرتی ہے اور اگر شے y کی قیمت بڑھتی ہے تو اس سے

شے y کی سپلائی میں اضافہ ہوگا لیکن شے x کی سپلائی میں کمی ہوگی۔

- فرم کا مقصد بھی شے کی سپلائی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ مثال کے لیے فرم کا مقصد منافع کو بیش ترین کرنا ہے تو وہ اپنی قیمت پر زیادہ سپلائی کرے گا۔
- حکومتی پالیسیوں کا کاروباری عمل پر فوری اور گہرا اثر ا ہوتا ہے۔ یہ اثر مخالف اور یا موافق ہوسکتا ہے۔ جب حکومت شے کی پیداوار پر ٹیکس کی شرح میں اضافہ کرتی ہے تو شے کی سپلائی میں کمی آئے گی۔ جب کہ دوسری طرف اگر حکومت ٹیکس میں کمی کرتی ہے تو شے کی سپلائی میں اضافہ ہوگا۔
- سپلائی کا قانون بیان کرتا ہے کہ سپلائی کا تعین کرنے والے سبھی دیگر عوامل جب غیر تبدیل رہتے ہیں تو شے کی قیمت اور اس کی سپلائی کی جانے والی مقدار میں براہ راست تعلق ہوتا ہے۔
- شے کی قیمت اور اس کی سپلائی کی جانے والی مقدار میں براہ راست تعلق کے سبب خط رسد (سپلائی) بائیں سے دائیں اوپر کی جانب ڈھلواں (جھکا ہوا) ہوتا ہے۔
- ایک مخصوص مدت کے دوران ایک دی گئی قیمت پر بازار میں سبھی فرموں کے ذریعہ سپلائی کی جانے والی شے کی کل مقدار کو شے کی بازار کی سپلائی کہتے ہیں۔

بازار سپلائی پر اثر انداز عوامل

انفرادی سپلائی پر اثر انداز عوامل — دیگر عوامل

فروخت کاروں/فرموں کی تعداد — متوقع مستقبل کی قیمت

خود قدر شناسی کیجیے

1۔ سپلائی کی تعریف کیجیے۔ سپلائی اسٹاک سے کس طرح مختلف ہے۔

2۔ کسی دو عوامل کی وضاحت کیجیے جو شے کی انفرادی سپلائی کو متعین کرتے ہیں۔

3۔ سپلائی کے قانون (قانون رسد) بیان کرتے ہوئے اس کی وضات کیجیے۔

4۔ شے کی سپلائی دیگر متعلقہ اشیا کی قیمت میں اضافے کے ذریعہ کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

5۔ شے کی بازار سپلائی سے کیا مراد ہے؟